بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اول

مرکزی انجمن کا ۲۷ واں سالانہ اجتماع

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا ۲۷ واں سالانہ اجتماع ان شاء اللہ العزیز ۱۴/ نومبر کو قرآن آڈیٹوریم گارڈن ٹاؤن لاہور میں منعقد ہو گا۔ اس اجلاس میں معمول کی رسمی کارروائی، یعنی مرکزی انجمن کی سال بھر کی کارگزاری کا اجمالی خاکہ اور آمد و خرچ کا حساب پیش کرنے کے علاوہ حسب معمول مرکزی انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا خصوصی خطاب بھی شامل ہو گا۔ جس کے ذریعے ہمیں ان شاء اللہ نہ صرف یہ کہ موجودہ حالات کے حوالے سے محترم صدر مؤسس کے خیالات سے آگاہی ہو گی بلکہ فکری و عملی رہنمائی کی وہ عظیم دولت بھی حاصل ہو گی جو سرتاسر قرآن حکیم سے ماخوذ و مستنبط ہے۔

اس موقع پر ان شاء اللہ العزیز مرکزی انجمن کی سالانہ رپورٹ بھی کتابچے کی صورت میں شرکاءِ اجلاس کو ہدیہ کی جائے گی جس میں مرکزی انجمن کے مختلف شعبہ جات کی قدرے تفصیلی رپورٹ کے ساتھ ساتھ منسلک انجمنوں کی سالانہ رپورٹوں کا خلاصہ بھی شامل اشاعت کیا گیا ہے کہ مرکزی انجمن پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم ذیلی انجمنوں کے لئے "مادر ادارے" کی حیثیت رکھتی ہے جس کے بطن سے ذیلی انجمنوں کے شرارے پھوٹے ہیں۔

مرکزی انجمن کا یہ سالانہ اجلاس جہاں ہمیں یہ موقع فراہم کرے گا کہ گزشتہ سال کے دوران خدمت قرآنی کا جو کام بھی ہم سے بن پڑا ہے اس پر تہ دل سے اللہ کا شکر بجا لائیں کہ یہ سب کچھ اس کی دی ہوئی توفیق کا مرہونِ منت ہے، وہاں ہمیں اپنی کوتاہیوں اور تقصیرات کے ادراک کے حصول کا موقع بھی ہاتھ آئے گا۔ اور ہم ایک ولولہ تازہ اور عزمِ مصمم کے ساتھ اجلاس سے رخصت ہوں گے کہ آئندہ سال کے دوران ہمیں اپنی رفتارِ کار کو تیز تر کرتے ہوئے سابقہ کوتاہیوں کی تلافی کا سامان بھی کرنا ہے۔ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِهٰذَا۔